# جماعت میں دوسرے فلور پر صف خالی ہوتے ہوئے تیسرے فلور پر نماز پڑھنے کا حکم

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اگر جماعت سے نماز پڑھی جارہی ہے اور دوسرے فلور پر 1 یا 2 صفوں کی جگہ خالی ہے اس کو چھوڑ کر اگر تیسرے فلور پر نماز پڑھی تو کیا نماز ہوجائے گی؟

## جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

دوسرے فلور پر جگہ ہوتے ہوئے بلاضرورت اس جگہ کو چھوڑ کر تیسرے فلور پر نماز پڑھنا مکروہ ہے، البتہ! نماز ہوجائے گی۔

درمختار میں ہے "لو صلى على رفوف المسجد إن وجد في صحنه مكانا كره كقيامه في صف خلف صف فيه فرجة" ترجمہ: اگر صحن میں جگہ ہوتے ہوئے مسجد کی چھت پر نماز پڑھی تو یہ مکروہ ہے جیسے اگلی صف میں جگہ خالی ہوتے ہوئے پچھلی صف میں کھڑا ہونا مکروہ ہے۔

اس کے تحت ردالمحتار میں ہے "لأن فيه تركا لإكمال الصفوف۔۔۔هل الكراهة فيه تنزيهية أو تحريمية، ويرشد إلى الثاني قوله- صلى الله عليه وسلم -" ومن قطعه قطعه الله "ترجمہ: اس لیے کہ اس میں صفوں کو مکمل کرنے کا ترک پایا جارہا ہے۔ کیا اس میں کراہت تنزیہی ہے یا تحریمی؟ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کہ "جو صف قطع کرے اللہ اسے قطع کرے" سے دوسرے یعنی کراہت تحریمی ہونے کی طرف رہنمائی ملتی ہے۔ (ردالمحتار علی الدر المختار، جلد 1، صفحہ 570، دارالفکر، بیروت)

بہار شریعت میں ہے "صحن مسجد میں جگہ ہوتے ہوئے بالاخانہ پر اقتدا کرنا مکروہ ہے، یوہیں صف میں جگہ ہوتے ہوئے صف کے پیچھے کھڑا ہونا ممنوع ہے۔" (بہارِ شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 587، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد ابو بکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4069

تاریخ اجراء: 03صفر المظفر1447ھ/29جولائی2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net